فتاویٰ نعیمیہ
مُصنّف
حکیم الامت مُفتی احمد یار خاں نعیمی ؒ
ناشر
مکتبہ اسلامیہ
۴۰، اردو بازار ★ لاہور

فتاویٰ نعیمیہ

مصنف

حکیم الامت مفتی احمد یار خاں نعیمی رحمۃ اللہ علیہ

ناشر

مکتبہ اسلامیہ

40 اردو بازار لاہور

نام کتاب	فتاویٰ نعیمیہ (مفتی احمد یار خان نعیمی رحمۃ اللہ علیہ)
مؤلفہ	حافظ محمد عارف صاحب فارسی ٹیچر پبلک ہائی سکول گجرات
صفحات	232
تصحیح کتابت	مولانا محمد اختر رضا القادری
ناشر	مکتبہ اسلامیہ 40- اردو بازار لاہور۔
کمپوزنگ	دوست ورڈ کمپوزرز۔ نیو انار کلی لاہور PH:-7324782
پرنٹرز	پیر بھائی پرنٹرز لاہور
تعداد	ایک ہزار

بدعت سیئہ ہے۔ نیز ترمذی شریف کی روایت سے ثابت ہے کہ اہل مدینہ کا عمل اکتالیس تراویح پر ہے اور اہل مکہ کا بیس پر اور بڑے بڑے آئمہ دین اکتالیس یا بیس پر عامل رہے تو بتاؤ کہ یہ لوگ بدعتی ہوئے یا نہیں؟ اوز ان سے حدیث لینا کیسا ہے؟ کیونکہ بدعتی فاسق ہوتا ہے اور فاسق کی روایت غیر معتبر ہے۔ پھر لطف یہ ہے کہ اہل مکہ و مدینہ میں سے کوئی بھی آٹھ رکعت پر عامل نہیں۔ کوئی بیس پر ہے کوئی اکتالیس پر۔

تیسرا جواب یہ ہے کہ اس حدیث سے اگر آٹھ رکعت تراویح ثابت ہوئیں۔ تو تین رکعت وتر ثابت ہوئے تب ہی تو گیارہ بنیں گے۔ پھر وتر تین کیوں نہیں پڑھتے؟ کیا بعض حدیث پر ایمان ہے بعض پر نہیں۔ حق یہ ہے کہ آٹھ رکعت تراویح کی تصریح کسی حدیث سے نہیں ملتی۔ کیونکہ جہاں قیام رمضان کا ذکر ہے وہاں تعداد رکعات سے سکوت ہے اور جن احادیث میں گیارہ رکعات ہیں۔ وہاں مراد تہجد ہے۔ ایسی صاف حدیث پیش کرو جس میں آٹھ تراویح کی تصریح ہو۔ ایسی حدیث نہ ملی ہے نہ ملے گی۔ اور بیس رکعات کی تصریح متعدد احادیث سے ثابت ہے۔

احمد یار خاں عفی عنہ

کسی امتی کو رشک انبیاء کہنے کا حکم

فتویٰ نمبر ۶۲

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس شعر کے بارے میں ؎

نائب مصطفیٰ دریں کشور ۔۔ رشک پیغمبراں معین الدین

کیا کسی امتی پر رشک پیغمبراں کا اطلاق درست ہے؟ ایک صاحب نے نعت خواں کو اس شعر پڑھنے سے روک دیا۔ ان کا یہ فعل کیسا ہے۔ بینوا توجروا۔

الجواب

مذکورہ بالا شعر بالکل درست ہے اس سے روکنا جہالت ہے۔ قرآن کریم فرماتا ہے۔ **الا ان اولیاء اللّٰہ لا خوف علیهم ولا هم یحزنون** اس آیت میں اولیاء اللہ ہے انبیاء اللہ نہیں جس سے معلوم ہوا کہ قیامت میں انبیائے کرام کو بھی خوف ہو گا۔ مگر اولیاء اللہ بے خوف۔ ہاں فرق یہ ہے کہ گنہگاروں کو اپنی جان کا خوف ہو گا۔ اور انبیائے کرام کو جہاں کا کہ ہمارے گنہگار امتی کہیں جہنم میں نہ پہنچ جائیں۔ رہے حضرات اولیاء انہیں نہ اپنا کھٹکا نہ دوسروں کا خوف۔ کیونکہ یہ اپنے متوسلین کو بارگاہ نبوت تک پہنچا کر بے خوف و مطمئن ہو چکے۔ ان کے اس چین و آرام کو دیکھ کر حضرات انبیاء کرام ان پر غبطہ فرمائیں گے۔ جیسے کہ فقیر بے نوا کی آزادانہ زندگی پر بادشاہ غبط کرے۔ اس غبطہ سے فقیر بادشاہ سے بڑھ نہیں گیا۔ فقیر تو فقیر ہی ہے۔ اور بادشاہ بادشاہ۔ مگر غبطہ درست ہو گیا۔ اس طرح اولیاء اللہ معاذ اللہ نہ تو نبی کے برابر ہو گئے نہ بڑھ گئے۔ مگر غبطہ درست ہو گیا اور غبطہ ہی کا ترجمہ ہے رشک اس کی تائید اس حدیث سے ہوتی ہے۔ جو ابوداؤد اور بیہقی شعب الایمان اور شرح سنہ میں ہے۔ **ان من عباد اللّٰہ لا ناساماهم بانبیاء ولا شهداء یغبطهم الانبیاء والشهداء**۔ پھر حضور علیہ السلام نے ہی وجہ ارشاد فرمائی **لا یخافون اذا خاف الناس ولا یحزنون اذا حزن الناس وقرء هذا الایة الا ان اولیاء اللّٰہ لا خوف علیهم ولا هم یحزنون** مشکوۃ کتاب الادب باب الحب فی اللہ) ترمذی شریف ابواب الزهد باب **الحب فی اللّٰہ**۔ میں حدیث قدسی نقل فرمائی **قال اللّٰہ عزوجل المتحابون فی جلالی لهم منابر من نور یغبطهم النبیون والشهداء** غرضیکہ یہ شعر نہایت صحیح ہے۔ اس کا مضمون قرآن و حدیث سے ثابت ہے اس کی زیادہ تفصیل ہماری کتاب شان حبیب الرحمٰن میں دیکھو۔ واللہ اعلم۔

احمد یار خاں عفی عنہ